1 ارضِ پاک کا بے باک رہنما ترجمان

Daily ARZ NEWS Karachi

روزنامہ ارض نیوز کراچی

ایڈیٹر آصف مسعود

قیمت 20 روپے

جلد نمبر 22 | بدھ 06 دسمبر 2023، 21 جمادی الاول 1445ھ | شمارہ نمبر 230

مومن آباد ٹاؤن میں بلدیاتی سہولیات اولین ترجیح ہے، ملک عارف اعوان

ٹاؤن میں کتا مار مہم شروع کرنے کی منظوری و دیگر قرار دادیں پیش کی گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین مومن آباد ٹاؤن ملک عارف اعوان نے کہا ہے کہ مومن آباد ٹاؤن میں رہائش پزیر عوام کو بہترین بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ مومن آباد ٹاؤن کے ملازمین کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وائس چیئرمین عبداللہ بلوچ میونسپل کمشنر سید زین علی شاہ کے ہمراہ ٹاؤن کونسل کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا' اجلاس میں ٹاؤن میونسپل کارپوریشن مومن آباد کے تمام اراکین کونسل ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد وائس چیئرمین و اراکین کونسل کی جانب متعدد قرار دادیں پیش کی گئیں جن میں پینل ایڈوکیٹ کی خدمات کی منظوری' ریٹائرڈ ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کی منظوری' تمام یونین کونسلوں میں سینیٹیشن ملازمین کی برابری کی بنیاد پر تقسیم کی منظوری' ڈی ایم سی (ڈیفنکٹ) سے حاصل ہونے والی ناکارہ مشینری اور گاڑیوں کی نیلامی' مومن آباد کونسل کی کمیٹیوں کی تشکیل کی منظوری' مومن آباد ٹاؤن آفس کی بلڈنگ کی تعمیر و مرمت کی منظوری کی قرار دادیں پیش کی گئیں۔